© rasailojaraid.com



# تبصرے

**سائنس کے کرشمے** | مرتبہ میر حسن صاحب ایم۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت مجلد عہ پتہ:۔ ادارۂ ادبیات اردو، رفعت منزل خیریت آباد حیدر آباد دکن۔

یہ کتاب ان چند اردو تقریروں کا مجموعہ ہے جو حیدر آباد کے ریڈیو اسٹیشن سے سائنس کے موضوع پر مختلف اصحاب نے نشر کی تھیں، ان تقریروں کا مقصد اردو خواں طبقہ کو سائنس کی ان موٹی موٹی باتوں سے واقف کرنا ہے۔ جن کا جاننا ہر معمولی تعلیمیافتہ کے لئے ضروری ہے۔ چنانچہ اس مجموعہ میں ہوا، پانی، بجلی، ہوابازی ٹیلی فون، کیمیائی جنگ اور ریڈیو پر سات مضامین سات اصحاب کے لکھے ہوئے شامل ہیں۔ زبان عام فہم اور سلیس ہے۔ شروع میں میر حسن صاحب نے سائنس کا تعارف کراتے ہوئے اس کی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالی ہے کتاب معلوماتِ عامہ کے سلسلہ میں بہت مفید ہے۔ ہر اردو خواں کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

**ہماری غذا** | مترجمہ سید مبارز الدین احمد صاحب رفعت تقطیع متوسط ضخامت ۱۵۲ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت عہ پتہ:۔ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

یہ کتاب مسٹر رابرٹ میکریس ڈائرکٹر آف نیوٹریشنل ریسرچ پاسچر انسٹیٹیوٹ کونور کی کتاب کا سلیس وعام فہم ترجمہ ہے۔ یہ کتاب بائیس ابواب پر مشتمل ہے جن میں فاضل مصنف نے بڑی وضاحت اور عمدگی سے یہ بتایا ہے کہ غذا کا مقصد کیا ہے؟ حیاتین کی قسمیں کتنی ہیں۔ ان کا عام اثر صحت اور جسمانی نشوونما پر کیا ہوتا ہے۔ کس کس غذا میں کونسا حیاتین کس مقدار میں پایا جاتا ہے، پروٹین کس کو کہتے ہیں۔ اس کی کتنی قسمیں ہیں یہ کتنے اجزاء پر مشتمل ہوتی ہیں۔ غذا میں اس کی کیا اہمیت ہے۔ ہندوستانی اور یوروپین غذاؤں میں کیا کیا نقائص ہیں۔ اور ان کی اصلاح کس طرح ہوسکتی ہے۔ آخر میں ہندوستان کی اشیاء خوردنی کی ایک



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طویل فہرست ہے جس میں ہر چیز کی پروٹین، چربی، کاربوہائیڈریٹ، حرارے، اور حیاتین کی تفصیل دی گئی ہے۔ یوروپین زبانوں میں غذاؤں پر سینکڑوں کتابیں ہیں مگر اردو میں غالباً اس موضوع پر یہ کتاب اپنی نوعیت کی پہلی ہی کتاب ہے۔ اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

**انشائے داغ** تقطیع متوسط ضخامت ۱۶۲ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت عہ پتہ:- انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

یہ نواب فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کے ان خطوط کا مجموعہ ہے جو مرحوم نے اپنے دوستوں، عزیزوں، شاگردوں اور بعض نوابوں وغیرہم کے نام لکھے تھے۔ مرزا داغ کے تلمیذ رشید سید علی احسن صاحب احسن مارہروی نے ان خطوط کو سلیقہ سے مرتب کیا ہے اور جا بجا ان پر حواشی لکھے ہیں۔ شروع میں موصوف کے ہی قلم سے ایک مقدمہ ہے جس میں حضرت داغ کی انشا اور ان کے خطوط کی خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ فاضل مقدمہ نگار نے خواتین کے نام کے خطوط کے سلسلہ میں اپنے استاد کی پوزیشن صاف کرنے کے لئے خواہ مخواہ مولانا شبلی کو مرزا داغ کے پہلو میں لا بٹھایا ہے۔ حالانکہ ان دونوں کے خطوط میں وہی فرق ہے جو ان خطوط کے "مکتوب الیہن" میں ان کی حیثیت عرفی کے لحاظ سے ہے۔ خطوط میں بحیثیت مجموعی کوئی خاص ادبی خوبی تو ہے نہیں۔ تاہم اس حیثیت سے اردو ادب کے سرمایہ میں قابلِ قدر اضافہ ہیں کہ اردو زبان کے ایک مشہور اور بلند پایہ شاعر کے لکھے یا لکھوائے ہوئے ہیں۔

**تیغ و برہمن** از جناب اعظم صاحب کریوی۔ تقطیع جیبی ضخامت ۲۱۸ صفحات۔ کتابت طباعت اور کاغذ بہتر۔ قیمت مجلد دو روپیہ۔ پتہ:- دانش محل امین آباد پارک لکھنؤ۔

ڈاکٹر اعظم صاحب کریوی اردو زبان کے مشہور اور کامیاب افسانہ نگار ہیں۔ آپ کے افسانے عموماً ہندوستانی معاشرت یہاں کے رسوم و رواج اور دیہاتی زندگی سے متعلق ہوتے ہیں۔ اردو کے ساتھ ملے ملے ہندی لفظوں اور کہیں کہیں جملوں کی ملاوٹ زبان و اندازِ بیان میں ایک خاص قسم کی شیرینی اور



© rasailojaraid.com